نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

<u>دھان کے کاشتکار 20 مئی سے قبل پنیری ہرگز کاشت نہ کریں: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب</u>

لاہور: **09 مئی 2022** (   ) ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق دھان کے کاشتکار 20 مئی سے قبل پنیری ہرگز کاشت نہ کریں۔ترجمان نے مزید بتایا کہ پنجاب زرعی پیسٹ آرڈیننس 1959ء کے تحت دھان کی پنیری کی کاشت 20 مئی سے قبل ممنوع ہے کیونکہ دھان کے تنے کی سنڈیاں موسم سرماڈھوں میں سرمائی نیند سو کر گزارتی ہیں اوران کے پروانے مارچ کے آخر اور اپریل کے شروع میں نکلتے ہیں اگر 20 مئی سے قبل پنیری کاشت کی گئی ہو تو پروانے اس پر انڈے دے کر اپنی نسل کا آغاز کر دیتے ہیں جو کہ پروان چڑھ کر علاقہ میں وبائی صورت بھی اختیار کر لیتے ہیں لہذٰ ا دھان کے کاشتکار قبل از وقت پنیری کی کاشت سے گریز کریں۔کاشتکار دھان کی زیادہ پیداوار کے لئے منظور شدہ اقسام کا بیج اورفی ایکڑ زیادہ پیداوار کے لئے ترقی دادہ اقسام کاشت کریں۔دھان کی منظور شدہ موٹی اقسام کے ایس 282، نیاب اری 9، اری 6، کے ایس کے 133، کے ایس کے 434، نجی جی ایس آر 6، نجی 5 اور نیاب 2013 کی کاشت کیلئے موزوں وقت **20 مئی تا 7 جون** ہے ۔دھان کے کاشتکار منظور شدہ ہائبرڈ اقسام کے بیج کا انتظام کریں اور غیر منظور شدہ وممنوعہ اقسام ہرگز کاشت نہ کریں کیونکہ اُس کے چاول کا معیار ناقص ہونے کی وجہ سے عالمی منڈی میں چاول کی قیمت کم وصول ہوتی ہے

☆☆☆☆